# Continuing Professional Development (CPD) Program for

# Primary School Teachers for

# The Academic Year

# 2022-23




# اُردُو سیشن پلان

DIRECTORATE OF PROFESSIONAL DEVELOPMENT KHYBER PAKHTUNKHWA

جملہ حقوق بہ حق ڈائریکٹوریٹ آف پروفیشنل ڈیویلپمنٹ خیبر پختون خوا، پشاور محفوظ ہیں۔

منظور کردہ: نظامتِ نصاب و تعلیم اساتذہ خیبر پختون خوا، ایبٹ آباد بہ مطابق مراسلہ نمبر:
**3327-29/DCTE/DPD-IP/CPD/Session Plan/Primary. Dated 07-07-2022.**

تصنیف و تالیف:

۱۔ مقصود جان، ماہرِ مضمون اُردو، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول امباڈھیر، چارسدہ
۲۔ سیّد غفور شاہ، ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ ہائی اسکول چیچنہ، کوہاٹ
۳۔ ڈاکٹر عید اکبر، ڈیسک آفیسر، ڈائریکٹوریٹ آف پروفیشنل ڈیویلپمنٹ خیبر پختون خوا، پشاور

زیرِ رہ نمائی: ڈاکٹر صفیہ نور، ایڈیشنل ڈائریکٹریس (اکیڈیمک) ڈائریکٹوریٹ آف پروفیشنل ڈیویلپمنٹ خیبر پختون خوا، پشاور

زیرِ نگرانی: گوہر علی خان، ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف پروفیشنل ڈیویلپمنٹ خیبر پختون خوا، پشاور

نظرِ ثانی (ڈی سی ٹی ای):

۱۔ ڈاکٹر محمد امتیاز، ایسوسی ایٹ پروفیسر آف اُردُو (ڈیسک آفیسر)، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، ایبٹ آباد
۲۔ مقصود جان، ماہرِ مضمون اُردُو، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول امباڈھیر، چارسدہ
۳۔ عبد الستار، ماہرِ مضمون اُردُو، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول گلی بدرال، مانسہرہ
۴۔ محمد ہارون، ماہرِ مضمون اُردُو (نمائندہ ڈی پی ڈی)، ڈائریکٹوریٹ آف پروفیشنل ڈویلپمنٹ خیبر پختون خوا، پشاور

زیرِ نگرانی:

جعفر منصور عباسی، ڈائریکٹر نظامتِ نصاب و تعلیم اساتذہ خیبر پختون خوا، ایبٹ آباد

# PREFACE

In 2017, the Continuing Professional Development (CPD) programme was launched by the Elementary and Secondary Education Department (E&SED), Government of Khyber Pakhtunkhwa, as it is a regular feature of the professional career of the Primary School Teachers (PSTs) across all districts of the province. The purpose of CPD is to enhance student learning by continually improving teachers' professional knowledge and skills through emerging teaching learning methods including ICT based cooperative learning.

The CPD programme is comprised of four components; these are Self-Reflection (SR), Classroom Observation (CRO), Quarterly Monitoring Meeting (QMM) and Professional Development Days (PDDs).

Professional Development Day (PDD) is the core element of the CPD programme. Overall, eight Professional Development Days (PDDs) are held in an academic year, attending by all primary school teachers. Keeping in view the evolving needs of ICT in the field of education, video based session plans have been developed for the academic year 2022-23. The contents of all the session plans, PDDs have been fully aligned with textual material of the relevant grades.

This document (PDD Session Plans) introduces the structure, design, and delivery mechanism of the PDDs. It provides detailed guidelines to facilitators along with tips on facilitation and teaching-learning strategies/methods.

I hope these session plans will enhance teaching skills and knowledge of the facilitators in order to conduct the PDDs effectively which will further augment the teaching skills of the teachers for efficient and effective delivery in the classroom.

**Gohar Ali Khan**
**Director, Directorate of Professional Development**
**Khyber Pakhtunkhwa Peshawar**

# فہرست عنوانات


پی ڈی ڈے-1----------------------------------------------------------------------4

تخلیقی لکھائی----------------------------------------------------------------------4

پی ڈی ڈے-2----------------------------------------------------------------------6

پڑھائی سکھانا----------------------------------------------------------------------6

پی ڈی ڈے-3----------------------------------------------------------------------8

زُبان شناسی----------------------------------------------------------------------8

پی ڈی ڈے-4----------------------------------------------------------------------11

زُبان شناسی----------------------------------------------------------------------11

پی ڈی ڈے-5----------------------------------------------------------------------14

زُبان شناسی----------------------------------------------------------------------14

پی ڈی ڈے-6----------------------------------------------------------------------16

زُبان شناسی----------------------------------------------------------------------16

پی ڈی ڈے-7----------------------------------------------------------------------20

بولنا----------------------------------------------------------------------20

پی ڈی ڈے-8----------------------------------------------------------------------21

تخلیقی لکھائی اور زُبان شناسی----------------------------------------------------------------------21

## URDU PDD-1 - Video-based Session

| عنوان: تخلیقی لکھائی | 60 منٹ |
|---|---|

**مقاصد:** اس سیشن کے اختتام پر اساتذۂ کرام اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ طلبہ سے:

1.1 تصویر یا خاکہ دیکھ کر کم از کم پانچ جملے لکھوا سکیں۔

**درکار مواد:** لیپ ٹاپ، (Urdu PDD 1 Video-1.1) ، تصویر یا تصویری خاکہ کی کاپیاں، مارکر ،چارٹ وغیرہ۔

| سرگرمی : تصویر دکھا کر کم از کم پانچ جملے لکھوانا | 60 منٹ |
|---|---|

1. زیرِ تربیّت اساتذہ کو مناسب گروپوں میں تقسیم کریں۔
2. زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج کا سیشن ایک ویڈیو 1.1 پر مبنی ہے اور اس میں ہم تخلیقی لکھائی کے بارے میں سیکھیں گے۔
3. اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام گروپ بہ آسانی اسکرین دیکھ سکیں اور آواز سُن سکیں۔

**نوٹ:** زیرِ تربیّت اساتذہ ویڈیو دیکھنے کے دوران میں آپس میں بات چیت سے گریز کریں۔ گروپ میں ایک ساتھی ویڈیو چلائے اور باقی توجہ سے سنیں۔

4. اب زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ ایک ساتھ ویڈیو چلانا شروع کریں۔
5. ویڈیو کو 1:17 منٹ پر روکیں اور بتائیں کہ اس ویڈیو میں طلبہ کی تخلیقی سوچ کو اجاگر کرنے کے لیے تصاویر کا استعمال کیا گیا ہے۔ اب اساتذۂ کرام کو اپنے گروپوں میں بٹھا کر مندرجہ ذیل سوالات پر بحث کی دعوت دیں اور ان سے کہیں کہ آخر میں حاصلاتِ بحث پر ایک مختصر پیش کش (presentation) تیار کریں: (10 منٹ)
   - ا۔ آپ طلبہ میں تخلیقی صلاحیت اُجاگر کرنے کے لیے کون سی سرگرمیاں استعمال کرتے ہیں؟ مثال سے واضح کریں۔
   - ب۔ جملہ سازی کے لیے استعمال ہونے والے مواد کے حُصول کے کیا کیا امکانات ہو سکتے ہیں؟
   - ج۔ تصویر یا تصویری خاکوں کے علاوہ طلبہ اپنی تخلیقی صلاحیّتوں کا استعمال کرتے ہوئے ذہنی نقشہ کشی یا تاثر سے کیسے جملہ سازی کی طرف بڑھ سکتے ہیں؟
   - د۔ ذہنی پس منظر یا حافظے کے ذریعے سے طلبہ کس طرح بہتر تخلیقی لکھائی اور جملہ سازی کی طرف بڑھ سکتے ہیں؟
   - ہ۔ آپ درج بالا سرگرمیوں کی مدد سے حاصلِ تعلّم کے حُصول میں کتنے کامیاب رہے؟
6. دو گروپوں کو پیش کش (Presentation) کی دعوت دیں اور باقی گروپوں سے کہیں کہ پیش کش (Presentation) کو غور سے سنیں اور آخر میں سوالات پوچھیں۔ (6 منٹ فی گروپ)
7. پیش کش (Presentation) پر ہونے والی گفت گو کے اہم نکات کو استعمال کرتے ہوئے بحث جاری رکھیں اور اگلی ویڈیو سے مربوط کریں۔
8. اب باقی ویڈیو چلائیں اور 4:11 پر روکیں۔
9. اساتذۂ کرام کو بتائیں کہ اس ویڈیو میں طلبہ کو تصویر سے متعلق سوالات کی مدد سے تخلیقی لکھائی سیکھنے میں مدد دی گئی۔
10. اب زیرِ تربیّت اساتذہ کے جوڑے بنائیں اور ان سے کہیں کہ ایک باغ کو ذہن میں رکھتے ہوئے طلبہ کو تخلیقی لکھائی سکھانے کے لیے ایک مختصر سرگرمی تیار کریں۔ (15 منٹ)
11. تیاری کے دوران میں جوڑوں کی رہ نمائی کریں۔
12. کوئی سے دو جوڑوں سے کہیں کہ وہ اپنی سرگرمی پیش کریں۔
13. پیش کش (Presentation) کے بعد زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ وہ سرگرمی سے متعلق سوالات پوچھیں۔
14. سرگرمی مکمل کرتے ہوئے زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ جو سرگرمی اُنھوں نے تیار کی ہے وہ:
   - ا۔ اپنی جماعت میں استعمال کریں۔
   - ب۔ کسی ساتھی استاد / استانی سے کہیں کہ وہ آپ کے کمرا جماعت کا مشاہدہ کرے۔
   - ج۔ جملہ زیرِ تربیّت اساتذہ درج بالا حکمت عملیوں کے پیشِ نظر درج ذیل سوالات کے مطابق ایک ایک سرگرمی تیّار کریں اور Reflection کے طور پر آئندہ PDD سیشن میں پیش کریں۔

i. سرگرمی کا نام
ii. سرگرمی کے لیے درکار مواد
iii. مضمون، کلاس، دورانیہ اور حاصلِ تعلم
iv. سرگرمی کرتے ہوئے پیش آنے والے مسائل
v. ان مسائل کو کیسے حل کیا؟
vi. بہتری کی گنجائش کہاں پائی؟

**آج ہم نے کیا سیکھا؟**



زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج ہم نے تخلیقی لکھائی سکھانے کے لیے مختلف حکمتِ عملیاں سیکھیں جن کی مدد سے ایسے تصورات کو پڑھانے میں مدد ملے گی۔

## URDU PDD-2 :- Video-based Session

| عنوان: پڑھائی سکھانا | 60منٹ |
|---|---|

**مقاصد:** اس سیشن کے اختتام پر اساتذۂ کرام اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ طلبہ سے:

2.1 دو یا زائد ارکان والے الفاظ کو درست ارکان میں تُڑوا سکیں۔

**درکار مواد:** لیپ ٹاپ، (Urdu PDD 2 Video-2.1) ،مارکر، چارٹ وغیرہ

| سرگرمی : دو یا زائد ارکان والے الفاظ کو درست ارکان میں توڑنا | 60 منٹ |
|---|---|

1. ایک زیرِ تربیّت اُستاد سے 15 منٹ کے دورانیے میں PDD-1 کے Reflection کی پیش کش کروائیں۔
2. اب زیرِ تربیّت اساتذہ کو مناسب گروپوں میں تقسیم کریں۔
3. زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج کا سیشن ایک ویڈیو 2.1 پر مبنی ہے اور اس میں دو یا زائد ارکان والے الفاظ کو درست ارکان میں توڑنا سیکھیں گے۔
4. اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام گروپ بہ آسانی اسکرین کو دیکھ سکیں اور سُن سکیں۔

**نوٹ:** زیرِ تربیّت اساتذہ ویڈیو کے دیکھنے اور سننے کے دوران میں آپس میں بات چیت سے گریز کریں۔ گروپ میں ایک ساتھی ویڈیو چلائے اور باقی توجہ سے سنیں۔

5. زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ ایک ساتھ ویڈیو چلانا شروع کریں۔
6. ویڈیو 01:59 منٹ پر روکیں اور بتائیں کہ اس ویڈیو میں طلبہ کو دو یا زائد ارکان والے الفاظ کو درست ارکان میں توڑنا دکھایا اور بتایا گیا۔ اب اساتذۂ کرام ارکان کے توڑ پر ایک پیش کش(Presentation) تیار کریں: (10 منٹ)
   - ا۔ آپ طلبہ میں پڑھائی کی صلاحیت اُجاگر کرنے کے لیے کون سی سرگرمیاں استعمال کرتے ہیں؟ مثال سے واضح کریں۔
   - ب۔ ارکان سازی کے عمل میں جوڑ توڑ کے کتنے طریقے استعمال ہوتے ہیں؟
   - ج۔ یک رُکنی، دو رُکنی اور سہ رُکنی ارکان کے جوڑ توڑ میں سب سے زیادہ مشکلات کہاں کہاں در پیش ہو سکتی ہیں؟
   - د۔ آپ درج بالا سرگرمیوں کی مدد سے حاصلِ تعلّم کے حُصول میں کتنے کامیاب رہے؟
7. دو گروپوں کو پیش کش(Presentation) کی دعوت دیں اور باقی گروپوں سے کہیں کہ وہ پیش کش(Presentation) کو غور سے سنیں اور آخر میں سوالات پوچھیں۔ (6 منٹ فی گروپ)
8. پیش کش(Presentation) پر ہونے والی گفت گو کے اہم نِکات کو استعمال کرتے ہوئے بحث جاری رکھیں اور اگلی ویڈیو سے مربوط کریں۔
9. اب بقیہ ویڈیو چلائیں اور 03:06 منٹ پر روکیں۔
10. اساتذۂ کرام کو بتائیں کہ اس ویڈیو میں الفاظ کو ارکان میں توڑنا سکھایا گیا ہے۔
11. اب بقیہ ویڈیو چلائیں۔
12. زیرِ تربیّت اساتذہ کے جوڑے بنائیں اور اُن سے کہیں کہ ایک جوڑا الفاظ کہے اور دوسرا جوڑا اس کو ارکان میں توڑنے کی مختصر سرگرمی تیار کرے۔ (15 منٹ)
13. تیاری کے دوران میں جوڑوں کی رہ نمائی کریں۔
14. کوئی سے دو جوڑے اپنی سرگرمی پیش کریں۔
15. پیش کش(Presentation) کے بعد زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ وہ سرگرمی سے متعلق سوالات پوچھیں۔
16. سرگرمی کو مکمل کرتے ہوئے شرکا سے کہیں کہ جو سرگرمی اُنھوں نے تیار کی ہے وہ:
   - ا۔ اپنے کمرا جماعت میں استعمال کریں۔
   - ب۔ کسی ساتھی استاد / استانی سے کہیں کہ وہ آپ کے کمرا جماعت کا مشاہدہ کرے۔

ج۔ جملہ زیرِ تربیّت اساتذہ درج بالا حکمت عملیوں کے پیشِ نظر درج ذیل سوالات کے مطابق ایک ایک سرگرمی تیّار کریں اور Reflection کے طور پر آئندہ PDD سیشن میں پیش کریں۔

i. سرگرمی کا نام
ii. سرگرمی کے لیے درکار مواد
iii. مضمون، کمرا جماعت، دورانیہ اور حاصلِ تعلم
iv. سرگرمی کرتے ہوئے پیش آنے والے مسائل
v. ان مسائل کو کیسے حل کیا؟
vi. بہتری کی گنجائش کہاں پائی؟

**آج ہم نے کیا سیکھا؟**



زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج ہم نے دو یا زائد ارکان والے الفاظ کو توڑنے کی مختلف حکمتِ عملیاں سیکھیں جن کی مدد سے ایسے تصورات کو پڑھانے میں مدد ملے گی۔

## URDU PDD-3 :- Video-based Session

| عنوان: زُبان شناسی | 60منٹ |
|---|---|

**مقاصد:** اس سیشن کے اختتام پر اساتذۂ کرام اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ طلبہ سے:

3.1 فعل سے فاعل اور فاعل سے فعل بنوا سکیں۔

3.2 ہم آواز الفاظ کی درست نشان دہی کروا سکیں جیسے: رات اور بات۔

**درکار مواد:** لیپ ٹاپ،(Urdu PDD 3 Video-3.1)اور (Urdu PDD 3 Video-3.2) ،مارکر، چارٹ وغیرہ

| سرگرمی نمبر1: فعل سے فاعل اور فاعل سے فعل بنانا | 30 منٹ |
|---|---|

1. ایک زیرِ تربیّت اُستاد سے 15 منٹ کے دورانیے میں PDD-2 کے Reflection کی پیش کش کروائیں۔
2. اب زیرِ تربیّت اساتذہ کو مناسب گروپوں میں تقسیم کریں۔
3. زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج کا سیشن ایک ویڈیو 3.1 پر مبنی ہے اور اس میں فعل سے فاعل اور فاعل سے فعل بنانا سیکھیں گے۔
4. اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام گروپ بہ آسانی اسکرین کو دیکھ سکیں اور آواز سُن سکیں۔

**نوٹ:** زیرِ تربیّت اساتذہ ویڈیو کے دیکھنے اور سننے کے دوران میں آپس میں بات چیت سے گریز کریں۔ گروپ میں ایک ساتھی ویڈیو چلائے اور باقی توجہ سے سنیں۔

5. زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ ایک ساتھ ویڈیو چلانا شروع کریں۔
6. ویڈیو 03:10 منٹ پر روکیں اور بتائیں کہ اس ویڈیو میں طلبہ کو جملوں میں فعل، فاعل اور مفعول کے تصور کے بارے میں بتایا گیا اور فعل سے فاعل اور فاعل سے فعل بنانا بھی سکھایا گیا ہے۔ اب اساتذۂ کرام کو اپنے گروپ میں بٹھا کر فعل سے فاعل اور فاعل سے فعل بنانے پر ایک مختصر پیش کش(Presentation) تیار کروائیں: (05منٹ)

    ا۔ آپ طلبہ میں فعل سے فاعل اور فاعل سے فعل بنانے کے لیے کون سی سرگرمیاں استعمال کرتے ہیں؟ مثال سے واضح کریں۔
    ب۔ فعل سے فاعل اور فاعل سے فعل بنانے کے کیا کیا اُصول ہیں؟
    ج۔ فعل سے فاعل اور فاعل سے فعل بنانے میں کس قدر آسانی یا دِقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اس کو کس طرح حل کرتے ہیں؟
    د۔ آپ درج بالا سرگرمیوں کی مدد سے حاصلِ تعلم کے حصول میں کتنے کامیاب رہے؟

7. ایک گروپ کو پیش کش(Presentation) کی دعوت دیں اور باقی گروپوں سے کہیں کہ پیش کش(Presentation) کو غور سے سنیں اور آخر میں سوالات پوچھیں۔ (6 منٹ فی گروپ)
8. پیش کش(Presentation) پر ہونے والی گفت گو کے اہم نکات کو استعمال کرتے ہوئے بحث جاری رکھیں اور اگلی ویڈیو سے مربوط کریں۔
9. اب باقی ویڈیو چلائیں اور 04:14 منٹ پر روکیں۔
10. اساتذۂ کرام کو بتائیں کہ اس ویڈیو میں دی گئی تصاویر سے فعل سے فاعل اور فاعل سے فعل بنائیں۔
11. فعل اور فاعل بنانے میں زیرِ تربیّت اساتذہ کی مدد کریں۔
12. سرگرمی مکمل کریں اور زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ وہ اس سرگرمی کو:

    ا۔ اپنے کمرا جماعت میں پیش کریں۔
    ب۔ اپنے کمرا جماعت میں استعمال کریں۔
    ج۔ کسی ساتھی استاد / استانی سے کہیں کہ وہ آپ کے کمرا جماعت کا مشاہدہ کرے۔
    د۔ جملہ زیرِ تربیّت اساتذہ درج بالا حکمت عملیوں کے پیشِ نظر درج ذیل سوالات کے مطابق ایک ایک سرگرمی تیّار کریں اور Reflection کے طور پر آئندہ PDD سیشن میں پیش کریں۔

i. سرگرمی کا نام

ii. سرگرمی کے لیے درکار مواد

iii. مضمون، کلاس، دورانیہ اور حاصلِ تعلم

iv. سرگرمی کرتے ہوئے پیش آنے والے مسائل

v. ان مسائل کو کیسے حل کیا؟

vi. بہتری کی گنجائش کہاں پائی؟

**آج ہم نے کیا سیکھا؟**



زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج ہم نے فعل سے فاعل اور فاعل سے فعل بنانا سیکھا۔

| سرگرمی نمبر 2 :  ہم آواز الفاظ کی نشان دہی کرنا | 30 منٹ |
| --- | --- |

1. زیرِ تربیّت اساتذہ کو مناسب گروپوں میں تقسیم کریں۔
2. زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ یہ سرگرمی بھی ایک ویڈیو 3.2 پر مبنی ہے اور ہم اس میں ہم آواز الفاظ کی نشان دہی سیکھیں گے۔
3. اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام گروپ بہ آسانی اسکرین کو دیکھ سکیں اور آواز سُن سکیں۔

**نوٹ:** زیرِ تربیّت اساتذہ ویڈیو دیکھنے اور سننے کے دوران میں آپس میں بات چیت سے گریز کریں۔ گروپ میں ایک ساتھی ویڈیو چلائے اور باقی توجہ سے سنیں۔

4. زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ ایک ساتھ ویڈیو چلانا شروع کریں۔
5. ویڈیو 02:12 منٹ پر روکیں اور بتائیں کہ اس ویڈیو میں طلبہ کو ہم آواز الفاظ کی نشان دہی سکھائی گئی ہے۔ اب اساتذۂ کرام کو ہم آواز الفاظ کی نشان دہی پر ایک پیش کش (Presentation) تیار کرنے کو کہیں۔(05منٹ)
   - ا۔ آپ طلبہ میں ہم آواز الفاظ کی نشان دہی کے لیے کون سی سرگرمیاں استعمال کرتے ہیں؟ مثال سے واضح کریں۔
   - ب۔ ہم آواز الفاظ اکثر ہم وزن بھی ہوتے ہیں۔ مثالوں سے واضح کریں۔
   - ج۔ ہم آواز الفاظ کی صحیح تفہیم کے لیے جوڑ توڑ کے عمل سے کس طرح استفادہ کیا جاسکتا ہے؟
   - د۔ آپ درج بالا سرگرمیوں کی مدد سے حاصلِ تعلم کے حصول میں کتنے کامیاب رہے؟
6. ایک گروپ کو پیش کش (Presentation) کی دعوت دیں اور باقی گروپوں سے کہیں کہ پیش کش (Presentation) کو غور سے سنیں اور آخر میں سوالات پوچھیں۔ (6 منٹ)
7. پیش کش (Presentation) پر ہونے والی گفت گو کے اہم نکات کو استعمال کرتے ہوئے بحث جاری رکھیں اور اگلی ویڈیو سے مربوط کریں۔
8. اب باقی ویڈیو چلائیں اور 02:40 منٹ پر روکیں۔
9. اساتذۂ کرام کو بتائیں کہ اس ویڈیو میں دیے گئے الفاظ سے تین تین ہم آواز الفاظ بنائیں۔
10. ہم آواز الفاظ بنانے میں زیرِ تربیّت اساتذہ کی مدد کریں۔
11. سرگرمی مکمل کریں اور زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ وہ اس سرگرمی کو:
    - ا۔ اپنے کمرا جماعت میں پیش کریں۔
    - ب۔ اپنے کمرا جماعت میں استعمال کریں۔
    - ج۔ کسی ساتھی استاد / استانی سے کہیں کہ وہ آپ کے کمرا جماعت کا مشاہدہ کرے۔
    - د۔ جملہ زیرِ تربیّت اساتذہ درج بالا حکمت عملیوں کے پیشِ نظر درج ذیل سوالات کے مطابق ایک ایک سرگرمی تیّار کریں اور Reflection کے طور پر آئندہ PDD سیشن میں پیش کریں۔
        - i. سرگرمی کا نام
        - ii. سرگرمی کے لیے درکار مواد
        - iii. مضمون، کمرا جماعت، دورانیہ اور حاصلِ تعلم
        - iv. سرگرمی کرتے ہوئے پیش آنے والے مسائل
        - v. ان مسائل کو کیسے حل کیا؟
        - vi. بہتری کی گنجائش کہاں پائی؟

**آج ہم نے کیا سیکھا؟**



زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج ہم نے ہم آواز الفاظ کی نشان دہی سیکھی۔

## URDU PDD-4:- Video-based Session

| عنوان : زُبان شناسی | 60منٹ |
|---|---|

**مقاصد:** اس سیشن کے اختتام پر اساتذۂ کرام اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ طلبہ سے:

4.1 اِعراب کے بدلنے سے معانی کی تبدیلی کو سمجھ کر استعمال کروا سکیں۔

4.2 مترادف اور متضاد کے فرق کو سمجھ کر بتا/لکھوا سکیں۔

**درکار مواد:** لیپ ٹاپ، (Urdu PDD 4 Video-4.1)،(Urdu PDD 4 Video-4.2) مارکر، چارٹ وغیرہ

| سرگرمی 1: اِعراب کے بدلنے سے معانی کی تبدیلی کو سمجھ کر استعمال کرنا | 30 منٹ |
|---|---|

1. ایک زیرِ تربیّت اُستاد سے 15 منٹ کے دورانیے میں PDD-3 کے Reflection کی پیش کش کروائیں۔
2. اب زیرِ تربیّت اساتذہ کو مناسب گروپوں میں تقسیم کریں۔
3. زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج کا سیشن ایک ویڈیو 4.1 پر مبنی ہے اور اس میں اِعراب کے بدلنے سے معانی کی تبدیلی کو سیکھیں گے۔
4. اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام گروپ بہ آسانی اسکرین کو دیکھ سکیں اور آواز سُن سکیں۔

**نوٹ:** زیرِ تربیّت اساتذہ ویڈیو دیکھنے کے دوران میں آپس میں بات چیت سے گریز کریں۔ گروپ میں ایک ساتھی ویڈیو چلائے اور باقی توجہ سے سنیں۔

5. اب زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ ایک ساتھ ویڈیو چلانا شروع کریں۔
6. ویڈیو کو 02:26 منٹ پر روکیں اور بتائیں کہ اس ویڈیو میں طلبہ کو اِعراب کے بدلنے سے الفاظ کے معانی تبدیل ہو جاتے ہیں۔ اب اساتذۂ کرام اِعراب کے بدلنے سے معانی کی تبدیلی پر ایک پیش کش (Presentation) تیار کریں:(10 منٹ)
   ا۔ آپ طلبہ میں اِعراب کے بدلنے سے معانی کی تبدیلی کی صلاحیت اُجاگر کرنے کے لیے کون سی سرگرمیاں استعمال کرتے ہیں؟ مثال سے واضح کریں۔
   ب۔ زبر اور زیر کے ذریعے سے معانی تبدیل کرنے والے الفاظ کو مثالوں سے سمجھائیں۔
   ج۔ اِعراب کی مدد سے بدلنے والے مواد کو حاصل کرنے یا بنانے میں کس قدر آسانی یا دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اسے کس طرح حل کرتے ہیں؟
   د۔ آپ درج بالا سرگرمیوں کی مدد سے حاصلِ تعلم کے حصول میں کتنے کامیاب رہے؟
7. دو گروپوں کو پیش کش (Presentation) کی دعوت دیں اور باقی گروپوں سے کہیں کہ پیش کش (Presentation) کو غور سے سنیں اور آخر میں سوالات پوچھیں۔ (6 منٹ فی گروپ)
8. پیش کش (Presentation) پر ہونے والی گفت گو کے اہم نِکات کو استعمال کرتے ہوئے بحث جاری رکھیں اور اگلی ویڈیو سے مربوط کریں۔
9. اب بقیہ ویڈیو چلائیں اور 04:42 منٹ پر روکیں۔
10. اساتذۂ کرام کو بتائیں کہ اس ویڈیو میں طلبہ کو اِعراب کے بدلنے سے معانی کی تبدیلی کی سمجھ میں مدد دی گئی ہے۔
11. اب زیرِ تربیّت اساتذہ کے جوڑے بنائیں اور ان سے کہیں کہ چار چار ایسے الفاظ بنائیں جس سے اِن کے معانی تبدیل ہوں اور اس پر ایک مختصر سرگرمی تیار کریں۔ (15 منٹ)
12. تیاری کے دوران میں جوڑوں کی رہ نمائی کریں۔
13. کوئی سے دو جوڑوں سے کہیں کہ وہ اپنی سرگرمی پیش کریں۔
14. پیش کش (Presentation) کے بعد زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ وہ سرگرمی سے متعلق سوالات پوچھیں۔
15. سرگرمی مکمل کرتے ہوئے زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ جو سرگرمی اُنھوں نے تیار کی ہے وہ:
   ا۔ اپنے کمرا جماعت میں استعمال کریں۔
   ب۔ کسی ساتھی استاد / استانی سے کہیں کہ وہ آپ کے کمرا جماعت کا مشاہدہ کرے۔

ج۔ جملہ زیرِ تربیّت اساتذہ درج بالا حکمت عملیوں کے پیشِ نظر درج ذیل سوالات کے مطابق ایک ایک سرگرمی تیّار کریں اور Reflection کے طور پر آئندہPDD سیشن میں پیش کریں۔

i. سرگرمی کا نام
ii. سرگرمی کے لیے درکار مواد
iii. مضمون، کمرا جماعت، دورانیہ اور حاصلِ تعلم
iv. سرگرمی کرتے ہوئے پیش آنے والے مسائل
v. ان مسائل کو کیسے حل کیا؟
vi. بہتری کی گنجائش کہاں پائی؟

**آج ہم نے کیا سیکھا؟**



زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج ہم نے اِعراب بدلنے سے معانی کی تبدیلی سمجھ کر استعمال کرنا سیکھا۔

| سرگرمی 2: مترادف اور متضاد کے فرق کو سمجھنا | 30 منٹ |
|---|---|

1۔ زیرِ تربیّت اساتذہ کو مناسب گروپوں میں تقسیم کریں۔

2۔ زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ یہ سرگرمی بھی ایک ویڈیو4.2 پر مبنی ہے۔ اور اس میں مترادف اور متضاد کے فرق کو سمجھ کر بتانا/لکھنے کے بارے میں سیکھیں گے۔

3۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام گروپ بہ آسانی اسکرین کو دیکھ سکیں اور آواز سُن سکیں۔

**نوٹ:** زیرِ تربیّت اساتذہ ویڈیو دیکھنے کے دوران آپس میں بات چیت سے گریز کریں۔ گروپ میں ایک ساتھی ویڈیو چلائے اور باقی توجہ سے سنیں۔

4۔ اب زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ ایک ساتھ ویڈیو چلانا شروع کریں۔

5۔ ویڈیو کو 02:11 منٹ پر روکیں اور بتائیں کہ اس ویڈیو میں طلبہ متضاد کو فلیش کارڈ اور مترادف کو کالم میچ کے ذریعے سمجھایا گیا۔ اب اساتذۂ کرام کو اپنے گروپوں میں بٹھا کر مترادف اور متضاد الفاظ پر بحث کی دعوت دیں اور اِن سے کہیں کہ آخر میں حاصلاتِ بحث پر ایک پیش کش (Presentation) تیار کریں:(10 منٹ)

ا۔ آپ طلبہ میں مترادف اور متضاد الفاظ کے فرق میں کون سی سرگرمیاں استعمال کرتے ہیں؟ مثال سے واضح کریں۔

ب۔ طلبہ کو گردوپیش کی مقرون اور مجرد اشیا سے مترادف کی درست تفہیم کروائیں؟

ج۔ طلبہ کو گردوپیش کی مقرون اور مجرد اشیا سے متضاد کی درست تفہیم کروائیں؟

د۔ طلبہ کو مترادف اور متضاد الفاظ کے درمیان فرق مثالوں کے ذریعے سے سمجھائیں۔

ہ۔ آپ درج بالا سرگرمیوں کی مدد سے حاصلِ تعلم کے حصول میں کتنے کامیاب رہے؟

6۔ دو گروپوں کو باری باری پیش کش (Presentation) کی دعوت دیں اور باقی گروپوں سے کہیں کہ پیش کش (Presentation) کو غور سے سنیں اور آخر میں سوالات پوچھیں۔(6 منٹ)

7۔ پیش کش (Presentation) پر ہونے والی گفت گو کے اہم نکات کو استعمال کرتے ہوئے بحث جاری رکھیں اور اگلی ویڈیو سے مربوط کریں۔

8۔ اب بقیہ ویڈیو چلائیں۔

9۔ اساتذۂ کرام کو بتائیں کہ اس ویڈیو میں طلبہ کو مترادف اور متضاد الفاظ میں فرق سمجھانے میں مدد دی گئی۔

10۔ اب زیرِ تربیّت اساتذہ میں مختلف مترادف اور متضاد الفاظ کے فلیش کارڈ تقسیم کریں۔

11۔ تیاری کے دوران زیرِ تربیّت اساتذہ کی رہ نمائی کریں۔

12۔ زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ مترادف الفاظ والے اور متضاد الفاظ والے اساتذہ الگ الگ ہو جائے۔

13۔ الگ ہونے کے بعد اساتذۂ کرام ایک دوسرے سے سرگرمی سے متعلق سوالات پوچھیں۔

14۔ سرگرمی مکمل کرتے ہوئے زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ جو سرگرمی اُنھوں نے تیار کی ہے وہ:

ا۔ اپنے کمرا جماعت میں استعمال کریں۔

ب۔ کسی ساتھی استاد / استانی سے کہیں کہ وہ آپ کے کمرا جماعت کا مشاہدہ کرے۔

ج۔ جملہ زیرِ تربیّت اساتذہ درج بالا حکمت عملیوں کے پیشِ نظر درج ذیل سوالات کے مطابق ایک ایک سرگرمی تیّار کریں اور Reflection کے طور پر آئندہ PDD سیشن میں پیش کریں۔

i. سرگرمی کا نام

ii. سرگرمی کے لیے درکار مواد

iii. مضمون، کمرا جماعت، دورانیہ اور حاصلِ تعلم

iv. سرگرمی کرتے ہوئے پیش آنے والے مسائل

v. ان مسائل کو کیسے حل کیا؟

vi. بہتری کی گنجائش کہاں پائی؟

**آج ہم نے کیا سیکھا؟**



زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج ہم نے مترادف اور متضاد الفاظ میں فرق سمجھ کر بتانا اور لکھنا سیکھا۔

## URDU PDD-5- Video-based Session

| | |
|---|---|
| **عنوان: زُبان شناسی** | 60منٹ |

**مقاصد:** اس سیشن کے اختتام پر اساتذۂ کرام اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ طلبہ سے:

5.1 'الف بائی' ترتیب سے الفاظ کو درج کروا سکیں۔

**درکار مواد:** لیپ ٹاپ، درسی کتاب، (Urdu PDD 5 Video-5.1)، حروف تہجی کے کارڈ، مارکر، حروف تہجی چارٹ وغیرہ

| | |
|---|---|
| **سرگرمی: 'الف بائی' ترتیب سے الفاظ کو درج کرنا** | 60 منٹ |

1. ایک زیرِ تربیّت اُستاد سے 15 منٹ کے دورانیے میں PDD-4 کے Reflection کی پیش کش کروائیں۔
2. اب زیرِ تربیّت اساتذہ کو مناسب گروپوں میں تقسیم کریں۔
3. زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج کا سیشن ایک ویڈیو 5.1 پر مبنی ہے اور اس میں ہم 'الف بائی' ترتیب سے الفاظ سیکھیں گے۔
4. اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام گروپ بہ آسانی اسکرین کو دیکھ سکیں اور آواز سُن سکیں۔

**نوٹ:** زیرِ تربیّت اساتذہ ویڈیو دیکھنے کے دوران آپس میں بات چیت سے گریز کریں۔ گروپ میں ایک ساتھی ویڈیو چلائے اور باقی توجہ سے سنیں۔

5. اب زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ ایک ساتھ ویڈیو چلانا شروع کریں۔
6. ویڈیو کو 03:07 منٹ پر روکیں اور بتائیں کہ اس ویڈیو میں 'الف بائی' ترتیب سے الفاظ سکھائے گئے ہیں۔ اب اساتذۂ کرام کو گروپوں میں بٹھا کر 'الف بائی' ترتیب پر بحث کریں اور ان سے کہیں کہ آخر میں حاصلاتِ بحث پر ایک مختصر پیش کش (Presentation) تیار کریں۔ (10 منٹ)
   ا۔ آپ طلبہ کو 'الف بائی' ترتیب سکھانے کے لیے کون سی سرگرمیاں استعمال کرتے ہیں؟ مثال سے واضح کریں۔
   ب۔ الف بائی ترتیب سے حروفِ تہجی کی عملی مشق کروائیں اور لفظی مثالیں دیں۔
   ج۔ الف بائی ترتیب سے حروف کے گروہ الگ کروائیں۔
   د۔ مرکّب حروف کو کس طرح الف بائی ترتیب سے الفاظ کے شروع میں استعمال کیا جاتا ہے؟ مثالوں سے سمجھائیں۔
   ہ۔ آپ درج بالا سرگرمیوں کی مدد سے حاصلِ تعلم کے حصول میں کتنے کامیاب رہے؟
7. دو گروپوں کو پیش کش (Presentation) کی دعوت دیں اور باقی گروپوں سے کہیں کہ پیش کش (Presentation) کو غور سے سنیں اور آخر میں سوالات پوچھیں۔ (6 منٹ فی گروپ)
8. پیش کش (Presentation) پر ہونے والی گفت گو کے اہم نکات کو استعمال کرتے ہوئے بحث جاری رکھیں اور اگلی ویڈیو سے مربوط کریں۔
9. اب بقیہ ویڈیو چلائیں۔
10. اساتذۂ کرام کو بتائیں کہ اس ویڈیو میں 'الف بائی' ترتیب سے الفاظ درج کرنے میں مدد دی گئی ہے۔
11. اب زیرِ تربیّت اساتذہ کے جوڑے بنائیں اور لکھے ہوئے مختلف الفاظ کے چارٹ دے کر 'الف بائی' ترتیب سے الفاظ درج کرنے کی مختصر سرگرمی تیار کروائیں۔ (15 منٹ)
12. تیاری کے دوران میں جوڑوں کی رہ نمائی کریں۔
13. کوئی سے دو جوڑوں سے کہیں کہ وہ اپنی سرگرمی پیش کریں۔
14. پیش کش (Presentation) کے بعد زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ وہ سرگرمی سے متعلق سوالات پوچھیں۔
15. سرگرمی مکمل کرتے ہوئے زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ جو سرگرمی اُنھوں نے تیار کی ہے وہ:
   ا۔ اپنے کمرا جماعت میں استعمال کریں۔
   ب۔ کسی ساتھی استاد / استانی سے کہیں کہ وہ آپ کے کمرا جماعت کا مشاہدہ کرے۔

ج۔ جملہ زیرِ تربیّت اساتذہ درج بالا حکمت عملیوں کے پیشِ نظر درج ذیل سوالات کے مطابق ایک ایک سرگرمی تیّار کریں اور Reflection کے طور پر آئندہ PDD سیشن میں پیش کریں۔

i. سرگرمی کا نام
ii. سرگرمی کے لیے درکار مواد
iii. مضمون، کمرا جماعت، دورانیہ اور حاصلِ تعلم
iv. سرگرمی کرتے ہوئے پیش آنے والے مسائل
v. اِن مسائل کو کیسے حل کیا؟
vi. بہتری کی گنجائش کہاں پائی؟

**آج ہم نے کیا سیکھا؟**



زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج ہم نے 'الف بائی' ترتیب سے الفاظ کو درج کرنا سیکھا ہے۔

## URDU PDD-6 - Video-based Session

| | |
|---|---|
| **عنوان: زُبان شناسی** | 60منٹ |

**مقاصد:** اس سیشن کے اختتام پر اساتذۂ کرام اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ طلبہ سے:

6.1 'فعلِ امر اور نہی' کے جملے بنوا سکیں۔

6.2 غلط فقرات کو درست کروا سکیں۔

**درکار مواد:** لیپ ٹاپ، (Urdu PDD 6 Video-6.1)، (Urdu PDD 6 Video-6.2)، مارکر، چارٹ وغیرہ

| | |
|---|---|
| **سرگرمی: 'فعلِ امر اور نہی' کے جملے بنانا** | 30 منٹ |

1. ایک زیرِ تربیّت اُستاد سے 15 منٹ کے دورانیے میں PDD-5 کے Reflection کی پیش کش کروائیں۔
2. اب زیرِ تربیّت اساتذہ کو مناسب گروپوں میں تقسیم کریں۔
3. زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج کا سیشن ایک ویڈیو 6.1 پر مبنی ہے اور اس میں ہم 'فعلِ امر اور نہی' کے جملے بنانا سیکھیں گے۔
4. اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام گروپ بہ آسانی اسکرین دیکھ سکیں اور آواز سُن سکیں۔

**نوٹ:** زیرِ تربیّت اساتذہ ویڈیو دیکھنے کے دوران میں آپس میں بات چیت سے گریز کریں۔ گروپ میں ایک ساتھی ویڈیو چلائے اور باقی توجہ سے سنیں۔

5. اب زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ ایک ساتھ ویڈیو چلانا شروع کریں۔
6. ویڈیو کو 02:38 منٹ پر روکیں اور بتائیں کہ اس ویڈیو میں طلبہ کو 'فعلِ امر اور نہی' کے جملے بنائے گئے ہیں۔ اب اساتذۂ کرام کو اپنے گروپوں میں بٹھا کر دکھائے گئے جملوں پر بحث کی دعوت دیں اور ان سے کہیں کہ آخر میں حاصلاتِ بحث پر ایک مختصر پیش کش (Presentation) تیار کریں۔ (10 منٹ)
   - ا۔ آپ طلبہ میں 'فعل امر اور نہی' کے جملے بنانے کے لیے کون سی سرگرمیاں استعمال کرتے ہیں؟ مثال سے واضح کریں۔
   - ب۔ نہ، نہیں اور مت کی مدد سے فعلِ نہی بنانے کے قاعدے کو مثالوں سے سمجھائیں۔
   - ج۔ مصدر سے علامتِ مصدر ہٹا کر فعلِ امر بنانے کے قاعدے کی مثالوں سے وضاحت کریں۔
   - د۔ آپ درج بالا سرگرمیوں کی مدد سے حاصلِ تعلم کے حصول میں کتنے کامیاب رہے؟
7. دو گروپوں کو پیش کش (Presentation) کی دعوت دیں اور باقی گروپوں سے کہیں کہ پیش کش (Presentation) کو غور سے سنیں اور آخر میں سوالات پوچھیں۔ (6 منٹ فی گروپ)
8. پیش کش (Presentation) پر ہونے والی گفت گو کے اہم نِکات کو استعمال کرتے ہوئے بحث جاری رکھیں اور اگلی ویڈیو سے مربوط کریں۔
9. اب ویڈیو 2:57 پر روکیں اور اسکرین پر دی گئی جدول مکمل کروانے کے بعد بقیہ ویڈیو چلائیں۔
10. اساتذۂ کرام کو بتائیں کہ اس ویڈیو میں طلبہ کو 'فعلِ امر اور نہی' کی جملہ سازی سکھانے میں مدد دی گئی۔
11. زیرِ تربیّت اساتذہ کے جوڑے بنائیں اور ان سے کہیں کے 'فعلِ امر اور نہی' کے تین تین جملے بنائیں اور اس پر ایک مختصر سرگرمی تیار کریں۔ (15 منٹ)
12. تیاری کے دوران میں جوڑوں کی رہ نمائی کریں۔
13. کوئی سے دو جوڑوں سے کہیں کہ وہ اپنی سرگرمی پیش کریں۔
14. پیش کش (Presentation) کے بعد زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ وہ سرگرمی سے متعلق سوالات پوچھیں۔
15. سرگرمی مکمل کرتے ہوئے زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ جو سرگرمی اُنھوں نے تیار کی ہے وہ:
   - ا۔ اپنے کمرا جماعت میں استعمال کریں۔
   - ب۔ کسی ساتھی استاد / استانی سے کہیں کہ وہ آپ کے کمرا جماعت کا مشاہدہ کرے۔

ج۔ جملہ زیرِ تربیّت اساتذہ درج بالا حکمت عملیوں کے پیشِ نظر درج ذیل سوالات کے مطابق ایک ایک سرگرمی تیّار کریں اورReflection کے طور پر آئندہPDD سیشن میں پیش کریں۔

i. سرگرمی کا نام
ii. سرگرمی کے لیے درکار مواد
iii. مضمون، کمرا جماعت، دورانیہ اور حاصلِ تعلم
iv. سرگرمی کرتے ہوئے پیش آنے والے مسائل
v. ان مسائل کو کیسے حل کیا؟
vi. بہتری کی گنجائش کہاں پائی؟

**آج ہم نے کیا سیکھا؟**



زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج ہم نے 'فعلِ امر اور نہی' کے جملے بنانا سیکھے۔

## سرگرمی 2: غلط فقرات کو درست کرنا — 30 منٹ

1. زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ یہ سرگرمی بھی ایک ویڈیو 6.2 پر مبنی ہے اور اِس میں ہم غلط فقرات کو درست کرنا سیکھیں گے۔
2. اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام گروپ بہ آسانی اسکرین کو دیکھ سکیں اور آواز سُن سکیں۔

**نوٹ:** زیرِ تربیّت اساتذہ ویڈیو دیکھنے کے دوران میں آپس میں بات چیت سے گریز کریں۔ گروپ میں ایک ساتھی ویڈیو چلائے اور باقی توجہ سے سنیں۔

3. اب زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ ایک ساتھ ویڈیو چلانا شروع کریں۔
4. ویڈیو کو 03:23 منٹ پر روکیں اور بتائیں کہ اِس ویڈیو میں غلط فقرات کی اقسام کے بارے میں بتایا گیا ہے۔ اب زیرِ تربیّت اساتذہ کو اسکرین پر موجود فقرات پر بحث کی دعوت دیں اور اِن سے کہیں کہ انفرادی طور پر حاصلاتِ بحث پر ایک مختصر پیش کش (Presentation) تیار کریں۔(10 منٹ)

ا۔ آپ طلبہ کے غلط فقرات کو درست کرنے کے لیے کون سی سرگرمیاں استعمال کرتے ہیں؟ مثال سے واضح کریں۔

ب۔ تذکیر و تانیث کے حوالے سے فقرات کو کیسے دُرست کیا جاتا ہے؟ مثالوں سے واضح کریں۔

ج۔ واحد جمع اور فعلِ ناقص کے لحاظ سے فقرات کو کیسے دُرست کیا جاتا ہے؟ مثالیں دیں۔

د۔ املا کے لحاظ سے فقرات کو دُرست کرنے کے اُصول مثالیں دے کر بتائیں۔

ہ۔ آپ درج بالا سرگرمیوں کی مدد سے حاصلِ تعلم کے حصول میں کتنے کامیاب رہے؟

5. زیرِ تربیّت اساتذہ میں سے دو تین کو پیش کش (Presentation) کی دعوت دیں اور باقی اساتذۂ کرام سے کہیں کہ پیش کش (Presentation) کو غور سے سنیں۔ آخر میں تمام اساتذۂ کرام اپنے کام کا خود جائزہ لیں۔(12 منٹ)
6. فقرات کو درست کرنے کے لیے اہم نِکات کو استعمال کرتے ہوئے بحث جاری رکھیں اور اگلی ویڈیو سے مربوط کریں۔
7. اب بقیہ ویڈیو چلائیں۔
8. اساتذۂ کرام کو بتائیں کہ اِس ویڈیو میں طلبہ کو غلط فقرات کی درستی میں مدد دی گئی ہے۔
9. اب زیرِ تربیّت اساتذہ کے جوڑے بنائیں اور ان سے کہیں کہ غلط فقرات کی درستی پر ایک مختصر سرگرمی تیار کریں۔ (15 منٹ)
10. تیاری کے دوران میں گروپوں کی رہ نمائی کریں۔
11. کسی ایک گروپ سے کہیں کہ وہ اپنی سرگرمی پیش کرے۔
12. پیش کش (Presentation) کے بعد زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ وہ سرگرمی سے متعلق سوالات پوچھیں۔
13. سرگرمی مکمل کرتے ہوئے زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ جو سرگرمی اُنھوں نے تیار کی ہے وہ:

ا۔ اپنے کمرا جماعت میں استعمال کریں۔

ب۔ کسی ساتھی استاد / استانی سے کہیں کہ وہ آپ کے کمرا جماعت کا مشاہدہ کرے۔

ج۔ جملہ زیرِ تربیّت اساتذہ درج بالا حکمت عملیوں کے پیشِ نظر درج ذیل سوالات کے مطابق ایک ایک سرگرمی تیار کریں اور Reflection کے طور پر آئندہ PDD سیشن میں پیش کریں۔

i. سرگرمی کا نام

ii. سرگرمی کے لیے درکار مواد

iii. مضمون، کمرا جماعت، دورانیہ اور حاصلِ تعلم

iv. سرگرمی کرتے ہوئے پیش آنے والے مسائل

v. ان مسائل کو کیسے حل کیا؟

vi. بہتری کی گنجائش کہاں پائی؟

### آج ہم نے کیا سیکھا؟



زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج ہم نے مختلف اقسام کے غلط فقرات کو درست کرنا سیکھا۔

# URDU PDD-7- Video-based Session

| عنوان: بولنا | 60منٹ |
|---|---|

**مقاصد:** اس سیشن کے اختتام پر اساتذۂ کرام اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ طلبہ سے:

7.1 تصویری کہانی پر گفت گو کروا سکیں۔

**درکار مواد:** لیپ ٹاپ، (Urdu PDD 7 Video-7.1)، مارکر، چارٹ، تصویری کہانی وغیرہ

| سرگرمی : تصویری کہانی پر گفت گو کرنا | 60 منٹ |
|---|---|

1. ایک زیرِ تربیّت اُستاد سے 15 منٹ کے دورانیے میں PDD-6 کے Reflection کی پیش کش کروائیں۔
2. اب تمام زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج کا سیشن ایک ویڈیو 7.1 پر مبنی ہے۔ اس میں ہم تصویری کہانی کا مشاہدہ کر کے گفت گو کریں گے۔
3. اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام زیرِ تربیّت اساتذہ بہ آسانی اسکرین کو دیکھ سکیں اور آواز سُن سکیں۔

**نوٹ:** زیرِ تربیّت اساتذہ ویڈیو دیکھنے کے دوران میں آپس میں بات چیت سے گریز کریں۔ گروپ میں ایک ساتھی ویڈیو چلائے اور باقی توجہ سے سنیں۔

4. اب زیرِ تربیّت اساتذہ کے سامنے ویڈیو چلانا شروع کریں۔
5. ویڈیو کو 01:50 منٹ پر روکیں۔
6. زیرِ تربیّت اساتذہ سے پوچھیں کہ پیش کارنے جو تصویری کہانی پیش کی اُس میں کون سا طریقہ تدریس استعمال ہوا ہے؟
7. دو تین اساتذۂ کرام کے جوابات سننے کے بعد بقیہ ویڈیو 01:55 پر روکیں اور تمام زیرِ تربیّت اساتذہ غور سے اسکرین پر دیا گیا مواد پڑھیں۔
8. اب ویڈیو کو پھر چلائیں اور 02:15 منٹ پر روکیں اور اساتذۂ کرام سے اسکرین پر دیے گئے سوال کا جواب اخذ کریں۔
9. دوبارہ ویڈیو چلائیں اور تصویر کا مشاہدہ کرتے ہوئے زیرِ تربیّت اساتذہ ایک ایک جملہ بنائیں، اس کے بعد پیش کار کا جملہ سنیں۔
10. ویڈیو آگے بڑھا کر دوسری تصویر دیکھیں اور زیرِ تربیّت اساتذہ سے بھی کہانی آگے بڑھانے کا کہیں۔ اس کے بعد پیش کار کے جملے کے ساتھ اپنے جملے کا موازنہ کریں۔
11. ویڈیو میں اگلی دو تصاویر دیکھیں اور کہانی مکمل کریں ۔ کہانی مکمل کرنے کے بعد اپنی کہانی کا پیش کار کی کہانی سے موازنہ کریں۔
12. آپ نے مشاہدہ کرتے ہوئے تصویروں میں چھپے جس پیغام کو اپنے الفاظ میں بیان کیا ہے وہ:

ا۔ اپنے کمرا جماعت میں استعمال کریں۔

ب۔ کسی ساتھی استاد / استانی سے کہیں کہ وہ آپ کے کمرا جماعت کا مشاہدہ کرے۔

ج۔ جملہ زیرِ تربیّت اساتذہ درج بالا حکمت عملیوں کے پیشِ نظر درج ذیل سوالات کے مطابق ایک ایک سرگرمی تیّار کریں اور Reflection کے طور پر آئندہ PDD سیشن میں پیش کریں۔

i. سرگرمی کا نام
ii. سرگرمی کے لیے درکار مواد
iii. مضمون، کمرا جماعت، دورانیہ اور حصولِ تعلم
iv. سرگرمی کرتے ہوئے پیش آنے والے مسائل
v. اِن مسائل کو کیسے حل کیا؟
vi. بہتری کی گنجائش کہاں پائی؟

**آج ہم نے کیا سیکھا؟**



زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج ہم نے تصویری کہانی سکھانے کے لیے مشاہداتی طریقہ تدریس کی مدد سے حکمتِ عملی اختیار کر کے کہانی سنائی۔

## URDU PDD-8:- Video-based Session

| عنوان: تخلیقی لکھائی اور زُبان شناسی | 60منٹ |
|---|---|

**مقاصد:** اس سیشن کے اختتام پر اساتذۂ کرام اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ طلبہ سے:

8.1 کسی عنوان پر دو سے تین مربوط اور بامقصد پیرا گراف پر مشتمل مختصر مضمون لکھوا سکیں۔

8.2 واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنوا سکیں۔

**درکار مواد:** لیپ ٹاپ، (Urdu PDD 8 Video-8.1)،(Urdu PDD 8 Video-8.2) ، مارکر، چارٹ وغیرہ

| سرگرمی ۱: کسی عنوان پر دو سے تین مربوط اور بامقصد پیرا گراف پر مشتمل مختصر مضمون لکھنا | 30 منٹ |
|---|---|

1. ایک زیرِ تربیّت اُستاد سے 15 منٹ کے دورانیے میں PDD-7 کے Reflection کی پیش کش کروائیں۔
2. اب زیرِ تربیّت اساتذہ کو مناسب گروپوں میں تقسیم کریں۔
3. زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج کا سیشن ایک ویڈیو 8.1 پر مبنی ہے اور اس میں ہم دو سے تین پیرا گراف پر مشتمل مضمون لکھنا سیکھیں گے۔
4. اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام گروپ بہ آسانی اسکرین کو دیکھ سکیں اور آواز سن سکیں۔

**نوٹ:** زیرِ تربیّت اساتذہ ویڈیو دیکھنے کے دوران میں آپس میں بات چیت سے گریز کریں۔ گروپ میں ایک ساتھی ویڈیو چلائے اور باقی توجہ سے دیکھیں اور سنیں۔

5. اب زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ ایک ساتھ ویڈیو چلائیں۔
6. ویڈیو کو 02:22 منٹ پر روکیں اور بتائیں کہ اس ویڈیو میں طلبہ کی تخلیقی سوچ کو اُجاگر کرنے کے لیے 'ذہنی نقشے' کی حکمت عملی استعمال کی گئی ہے۔ اب اساتذۂ کرام کو اپنے گروپوں میں بٹھا کر اس ذہنی نقشے کے تحت دو سے تین پیرا گراف پر مشتمل ایک مختصر مضمون کی پیش کش(Presentation) تیار کرنے کو کہیں۔ (10 منٹ)
   - ا۔ آپ طلبہ میں تخلیقی صلاحیت اُجاگر کرنے کے لیے کون سی سرگرمیاں استعمال کرتے ہیں؟ مثال سے واضح کریں۔
   - ب۔ ذہنی نقشے کی حکمتِ عملی کے ذریعے سے ایسا خاکہ تیار کروائیں جو طلبہ کے تجربات و مشاہدات پر مبنی ہو۔
   - ج۔ ذہنی نقشے کے ذریعے سے سادہ اور مختصر جملوں پر مبنی جملے لکھنے کی ترغیب دیں تاکہ ایک مختصر مضمون تیار ہو سکے۔
   - د۔ آپ درج بالا سرگرمیوں کی مدد سے حاصلِ تعلم کے حصول میں کتنے کامیاب رہے؟
7. دو گروپوں کو پیش کش(Presentation) کی دعوت دیں اور باقی گروپوں سے کہیں کہ پیش کش(Presentation) کو غور سے سنیں اور آخر میں سوالات پوچھیں۔ (6 منٹ فی گروپ)
8. پیش کش(Presentation) پر ہونے والی گفت گو کے اہم نِکات کو استعمال کرتے ہوئے بحث جاری رکھیں اور اگلی ویڈیو سے مربوط کریں۔
9. اب بقیہ ویڈیو چلائیں اور 03:24 منٹ پر روکیں۔ اپنے مضمون کا موازنہ اسکرین پر دکھائے گئے مضمون کے ساتھ کریں اور بقیہ ویڈیو چلائیں۔
10. اساتذۂ کرام کو بتائیں کہ اس ویڈیو کی مدد سے طلبہ دو سے تین مربوط اور بامقصد پیرا گراف پر مشتمل مضمون لکھ سکیں گے۔
11. زیرِ تربیّت اساتذہ کے جوڑے بنائیں اور ان کو مختلف عنوانات دے کر دو سے تین مربوط اور بامقصد پیرا گراف پر مشتمل مضمون کی سرگرمی تیار کروائیں۔ (15 منٹ)
12. تیاری کے دوران میں جوڑوں کی رہ نمائی کریں۔
13. کوئی سے دو جوڑوں سے کہیں کہ وہ اپنی سرگرمی پیش کریں۔
14. پیش کش(Presentation) کے بعد زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ وہ سرگرمی سے متعلق سوالات پوچھیں۔
15. سرگرمی مکمل کرتے ہوئے زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ جو سرگرمی اُنھوں نے تیار کی ہے وہ:
   - ا۔ اپنے کمرا جماعت میں استعمال کریں۔
   - ب۔ کسی ساتھی استاد / استانی سے کہیں کہ وہ آپ کے کمرا جماعت کا مشاہدہ کرے۔

ج۔ جملہ زیرِ تربیّت اساتذہ درج بالا حکمت عملیوں کے پیشِ نظر درج ذیل سوالات کے مطابق ایک ایک سرگرمی تیّار کریں اور Reflection کے طور پر آئندہ PDD سیشن میں پیش کریں۔

i. سرگرمی کا نام
ii. سرگرمی کے لیے درکار مواد
iii. مضمون، کمرا جماعت، دورانیہ اور حاصلِ تعلم
iv. سرگرمی کرتے ہوئے پیش آنے والے مسائل
v. ان مسائل کو کیسے حل کیا؟
vi. بہتری کی گنجائش کہاں پائی؟

**آج ہم نے کیا سیکھا؟**



زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج ہم نے 'ذہنی نقشے' (Mind Map) کے ذریعے دو سے تین پیراگراف پر مشتمل مضمون لکھنا سیکھا۔

## سرگرمی ۲: واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنانا — 30 منٹ

1. زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج کا سیشن ایک ویڈیو 8.2 پر مبنی ہے اور اس میں ہم واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنانا سیکھیں گے۔
2. اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام گروپ بہ آسانی اسکرین کو دیکھ سکیں اور آواز سن سکیں۔

**نوٹ:** زیرِ تربیّت اساتذہ ویڈیو دیکھنے کے دوران میں آپس میں بات چیت سے گریز کریں۔ گروپ میں ایک ساتھی ویڈیو چلائے اور باقی توجہ سے دیکھیں اور سنیں۔

3. اب زیرِ تربیّت اساتذہ سے کہیں کہ ایک ساتھ ویڈیو چلائیں۔
4. ویڈیو کو 02:07 منٹ پر روکیں اور بتائیں کہ اس ویڈیو میں طلبہ کو واحد اور جمع کے تصور سے آگاہ کیا گیا ہے۔ اب اساتذۂ کرام کو اپنے گروپوں میں بٹھا کر مندرجہ ذیل سوالات پر بحث کی دعوت دیں اور ان سے کہیں کہ آخر میں حاصلاتِ بحث پر ایک مختصر پیش کش (Presentation) تیار کریں۔ (10 منٹ)
   - ا۔ آپ طلبہ میں واحد، جمع کا تصور پختہ کرنے کے لیے کون سی سرگرمیاں استعمال کرتے ہیں؟ مثال سے واضح کریں۔
   - ب۔ ویڈیو میں دکھائے گئے واحد سے جمع اور جمع سے واحد کے اُصولوں کی تفہیم کے لیے روزمرہ زندگی سے مثالیں پیش کروائیں۔
   - ج۔ آپ درج بالا سرگرمیوں کی مدد سے حاصلِ تعلم کے حصول میں کتنے کامیاب رہے؟
5. دو گروپوں کو پیش کش (Presentation) کی دعوت دیں اور باقی گروپوں سے کہیں کہ پیش کش (Presentation) کو غور سے سنیں اور آخر میں سوالات پوچھیں۔ (6 منٹ فی گروپ)
6. پیش کش (Presentation) پر ہونے والی گفت گو کے اہم نِکات کو استعمال کرتے ہوئے بحث جاری رکھیں اور اگلی ویڈیو سے مربوط کریں۔
7. اساتذۂ کرام کو بتائیں کہ اس ویڈیو کی مدد سے واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنانے کے مختلف اُصول بتائے گئے ہیں، جن سے طلبہ کو مطلوبہ تصوّر سمجھنے میں مدد ملے گی۔
8. دوبارہ ویڈیو چلائیں اور 03:32 پر روکیں۔
9. اب زیرِ تربیّت اساتذہ سے جدول مکمل کرنے کا کہیں اور ویڈیو کے ساتھ موازنہ کریں۔
10. زیرِ تربیّت اساتذہ کو دو گروپوں میں تقسیم کریں۔
11. ایک گروپ واحد الفاظ لکھے اور دوسرا گروپ جمع بنائے۔ اب دوسرا گروپ جمع کے الفاظ لکھے اور پہلا گروپ واحد بنائے۔ (15 منٹ)
12. سرگرمی کے دوران میں گروپوں کی مدد کریں۔
13. سرگرمی کے بعد شرکا سے کہیں کہ جو سرگرمی انھوں نے تیار کی ہے وہ:
   - ا۔ اپنے کمرا جماعت میں استعمال کریں۔
   - ب۔ کسی ساتھی استاد / استانی سے کہیں کہ وہ آپ کے کمرا جماعت کا مشاہدہ کرے۔
   - ج۔ جملہ زیرِ تربیّت اساتذہ درج بالا حکمت عملیوں کے پیشِ نظر درج ذیل سوالات کے مطابق ایک ایک سرگرمی تیّار کریں اور Reflection کے طور پر آئندہ PDD سیشن میں پیش کریں۔
     - i. سرگرمی کا نام
     - ii. سرگرمی کے لیے درکار مواد
     - iii. مضمون، کمرا جماعت، دورانیہ اور حاصلِ تعلم
     - iv. سرگرمی کرتے ہوئے پیش آنے والے مسائل
     - v. ان مسائل کو کیسے حل کیا؟
     - vi. بہتری کی گنجائش کہاں پائی؟

**آج ہم نے کیا سیکھا؟**



زیرِ تربیّت اساتذہ کو بتائیں کہ آج ہم نے مختلف طریقوں سے واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنانے کا تصوّر سیکھا۔